مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

جولائی / 2025ء

وَلَا یَجۡرِمَنَّکُمۡ شَنَاٰنُ قَوۡمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعۡدِلُوۡا ؕ اِعۡدِلُوۡا ۟ ہُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰی (المائدۃ آیت 8)

اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے

اس شمارہ میں خاص

غیر مسلموں کے حقوق۔ اسلامی ریاست میں اقلیتوں کا تحفظ

غریب، یتیم اور مظلوم کے حقوق۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں

اسلام میں عورتوں کے حقوق

مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ حیدر آباد تیلنگانہ کے سالانہ اجتماع کے انعقاد کے مناظر

مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ عثمان آباد مہاراشٹرا کے سالانہ لوکل اجتماع کے کامیاب انعقاد کی چند تصاویر

مجلس خدام الاحمدیہ بینگلور کرناٹک کی طرف UNFILTERED COFFEE اور تبلیغ ٹریننگ کا میاب انعقاد

صوبائی سطح پر مجلس خدام الاحمدیہ وارنگل تیلنگانہ کی طرف سے فضل عمر کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کی چند تصاویر

ماہنامہ   از قادیان دار الامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

فہرست مضامین

اداریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 28/فروری 2025ء	5
غیر مسلموں کے حقوق۔ اسلامی ریاست میں اقلیتوں کا تحفظ	8
غریب، یتیم اور مظلوم کے حقوق۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں	12
عورتوں کے حقوق	15
گوشۂ ادب	17
بنیادی مسائل کے جوابات	18
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	20
Diary Dose	21
بزم اطفال	22
ملکی رپورٹس	25
Health & Fitness	26
سائنس کی دنیا	27
A timeless Framework beyond the UN Charter	30
Islamic foundation of Human rights	
A shining Example	33
Islam and Human rights in times of war	
Summary of the Friday Sermon	40

جولائی 2025ء

محرم، صفر 47/1446 ہجری قمری

وفا 1404 ہجری شمسی

نگران

شمیم احمد غوری

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نائیک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر، احسان علی او کے

مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر، مرشد احمد ڈار،

سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک

اندرون ملک: 220 روپیہ، بیرون ملک ::50 1 $

قیمت فی پرچہ: 20 روپیہ

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. **Editor:** Niyaz Ahmad Naik

اداریہ

موجودہ دَور میں انسانی حقوق کی پامالی اور اسلامی تعلیمات

الحمدللہ کہ جماعت احمدیہ اسلام کی آفاقی تعلیمات کی روشنی میں دنیا کو عدل، احسان اور اعلیٰ اخلاق کی طرف بلاتی ہے۔

عصر حاضر میں اگرچہ انسانی حقوق کے تحفظ کے بلند دعوے کیے جا رہے ہیں، لیکن عملی دنیا میں ہمیں بہت سی جگہوں پر بنیادی انسانی اقدار مجروح ہوتے ہوئے دکھائی دیتا ہے۔ معاشرتی عدم مساوات، بنیادی آزادیوں پر قدغن، کمزور طبقات کے حقوق کی نظراندازی، اور اخلاقی اقدار میں کمی ــــ یہ سب اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ انسانیت ایک راہنمائی کی متلاشی ہے۔

ایسے میں اسلام کی تعلیمات ایک روشن مینار کی مانند ہیں جو ہر دَور کے انسان کو اس کی حیثیت، مقام اور ذمہ داریوں کا شعور بخشتی ہیں۔

اسلام اور انسانی اقدار

اسلام نے ہر انسان کی جان، مال، عزت، اور آزادی کو محترم قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

”جس نے ایک جان کو بغیر کسی قصور کے قتل کیا گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا، اور جس نے ایک جان کو بچایا گویا اس نے تمام انسانوں کو بچایا۔“ (المائدہ: ۳۲)

اسلام نے مذہب، رنگ، نسل اور قومیت سے بالا ہو کر انسانی برابری کا تصور پیش کیا۔ سورۃ الحجرات میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

”تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔“ (الحجرات: ۱۳)

نبی کریم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں واضح طور پر اعلان فرمایا کہ:

کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر، کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقویٰ کے۔

اسلام نے عورت کو باعزت مقام دیا، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں کے حقوق مقرر کیے، اور عدل کو ہر معاملے میں لازم قرار دیا۔

جماعت احمدیہ کا کردار

جماعت احمدیہ ان تعلیمات کو آج دنیا کے سامنے ایک عملی نمونہ کے طور پر پیش کر رہی ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

”پس تم جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہو۔ یاد رکھو کہ تم ہر شخص سے خواہ وہ کسی مذہب کا ہو ہمدردی کرو اور بلا تمیز ہر ایک سے نیکی کرو کیونکہ یہی قرآن شریف کی تعلیم ہے۔“

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۲۱۹)

آپؑ نے انسانی خدمت، امن، رواداری اور عدل کو اپنے مشن کا بنیادی حصہ بنایا۔ اسی مشن کو خلفاء سلسلہ نے اپنی ہدایات، عالمی پیغامات اور عملی نمونوں سے جاری رکھا ہے۔

پس آج کی دنیا اگر حقیقی امن، مساوات، اور انسانی احترام کی متلاشی ہے تو اُسے قرآن کریم اور اسوۂ رسول ﷺ کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ جماعت احمدیہ، خلافتِ احمدیہ کی راہنمائی میں، انسانیت کو انہی تعلیمات کی طرف دعوت دے رہی ہے ــــ جو نہ صرف دلوں کو جوڑتی ہیں بلکہ معاشروں کو نکھارتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان پاکیزہ تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دنیا کو حقیقی امن وسکون عطا کرے۔ آمین۔

سلیق احمد نائک

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ وَبِالۡوَالِدَيۡنِ اِحۡسَانًا ؕ اِمَّا يَبۡلُغَنَّ عِنۡدَكَ الۡكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوۡ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنۡهَرۡهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوۡلًا كَرِيۡمًا ○ (بنی اسرائیل آیت 24)

ترجمہ: اور تیرے ربّ نے فیصلہ صادر کر دیا ہے کہ تم اُس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین سے احسان کا سلوک کرو۔ اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک تیرے پاس بڑھاپے کی عمر کو پہنچے یا وہ دونوں ہی، تو اُنہیں اُف تک نہ کہہ اور انہیں ڈانٹ نہیں اور انہیں نرمی اور عزت کے ساتھ مخاطب کر۔

اس آیت کی تفسیر میں سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

اسلام نے والدین کی خدمت کے لئے خاص ہدایات دی ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے ۔۔۔۔۔۔ جس شخص کو اپنے والدین میں سے کسی کی خدمت کا موقع ملے اور پھر بھی اس کے گناہ نہ معاف کئے جائیں تو خدا اس پر لعنت کرے مطلب یہ کہ نیکی کا ایسا اعلیٰ موقعہ ملنے پر بھی اگر وہ خدا کا فضل حاصل نہیں کر سکا۔ تو جنّت تک پہنچنے کے لئے ایسے شخص کے پاس کوئی ذریعہ نہیں۔۔۔۔۔۔ اس آیت میں یہ بھی اشارہ کر دیا کہ انسان بالعموم والدین کی ویسی خدمت نہیں کر سکتا جیسی کہ ماں باپ نے اس کی بچپن میں کی تھی۔ اس لئے فرمایا کہ ہمیشہ دُعا کرتے رہنا کہ اے خدا تو ان پر رحم کرتا کہ جو کسر عمل میں رہ جائے دُعا سے پوری ہو جائے۔ (تفسیر کبیر جلد 8، صفحہ نمبر 211، ایڈیشن 2004)

إِنْفَاخُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ أَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: يَسُبُّ الرَّجُلُ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ وَيَسُبُّ أُمَّهُ.

(صحیح بخاری کتاب الادب حدیث نمبر 5973)

عبداللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یقیناً سب سے بڑے گناہوں میں سے یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے والدین پر لعنت بھیجے۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ! کوئی شخص اپنے ہی والدین پر کیسے لعنت بھیجے گا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص دوسرے کے باپ کو برا بھلا کہے گا تو دوسرا بھی اس کے باپ کو اور اس کی ماں کو برا بھلا کہے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ هَكَذَا وَقَالَ: بِإِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى.

(صحیح بخاری کتاب الادب حدیث نمبر 6005)

ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے عبدالعزیز بن ابی حازم نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے بیان کیا، کہا کہ میں نے سہل بن سعدؓ سے سنا، ان سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ نے شہادت اور درمیانی انگلیوں کے اشارہ سے (قرب کو) بتایا۔

کَلَامُ الْإِمَامِ الْمَهْدِيِّ ؑ

سب عزتوں سے بڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت ہے۔ جس کا کل اسلامی دُنیا پر اثر ہے۔ آپؐ ہی کی غیرت نے پھر دُنیا کو زندہ کیا۔ عرب جن میں زنا، شراب اور جنگ جوئی کے سوا کچھ رہا نہ تھا اور حقوق العباد کا خون ہو چکا تھا۔ ہمدردی اور خیر خواہی نوعِ انسان کا نام ونشان تک مِٹ چکا تھا اور نہ صرف حقوق العباد ہی تباہ ہو چکے تھے بلکہ حقوق اللہ پر اس سے بھی زیادہ تاریکی چھا گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی صفات پتھروں، بوٹیوں اور ستاروں کو دی گئی تھیں۔ قسم قسم کا شرک پھیلا ہوا تھا۔ عاجز انسان اور انسان کی شرمگاہوں تک کی پوجا دُنیا میں ہو رہی تھی۔ ایسی حالتِ مکروہ کا نقشہ اگر ذرا دیر کے لیے ایک سلیم الفطرت انسان کے سامنے آجاوے، تو وہ ایک خطرناک ظلمت اور ظلم وجور کے بھیانک اور خوفناک نظارہ کو دیکھے گا۔ فالج ایک طرف گرتا ہے، مگر یہ فالج ایسا فالج تھا کہ دونوں طرف گراتا تھا۔ فساد کامل دُنیا میں برپا ہو چکا تھا۔ نہ بحر میں امن وسلامتی تھی اور نہ بر پر سکون وراحت۔ اب اس تاریکی اور ہلاکت کے زمانہ میں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے ہیں۔ آپؐ نے آکر کیسے کامل طور پر اس میزان کے دونوں پہلو درست فرمائے کہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کو اپنے اصلی مرکز پر قائم کر دکھایا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 356 ایڈیشن 1988ء)

امام وقت کی آواز

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمیں توجہ دلائی فرمایا کہ گالی مت دو خواہ دوسرا شخص گالی دیتا ہو۔ اور یہی گُر ہے جس سے مومن کی زبان ہمیشہ صاف رہتی ہے۔ ایک مومن کو تو ہمیشہ پاک زبان کا استعمال کرنا چاہئے۔ گالی کی تو اس سے توقع ہی نہیں کی جاسکتی۔ اپنے آپ کو کسی کی گالی سن کر پھر اس سے روکنا نہ صرف زبان کو پاک رکھتا ہے بلکہ ذہن کو بھی بہت سے غلط کاموں کے کرنے سے بچاتا ہے۔ گالی سن کر انسان کا فطری ردّعمل یہی ہوتا ہے کہ انسان غصے میں آجاتا ہے اور اس کے ردّعمل کے طور پر بھی جس کو گالی دی جاتی ہے یا بُرا بھلا کہا جاتا ہے، وہ بھی اسی طرح الفاظ دوسرے پر الٹاتا ہے۔ پس جب یہ ارادہ ہو کہ انہی الفاظ میں جواب نہیں دینا جو غلط الفاظ دوسرے نے استعمال کئے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس بات سے منع فرمایا ہے، تو یہ بہت بڑی نیکی ہے اور یہ نیکی ایک بہت بڑے مجاہدے سے حاصل ہوگی۔ یہ آسان کام نہیں ہے۔ اور یہ مجاہدہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا، جب تک خدا تعالیٰ پر کامل ایمان نہ ہو اور ہر پہلو سے اللہ تعالیٰ کی رضا مطلوب نہ ہو اور پھر یہی چیز ہے جس سے صبر کے معیار بڑھیں گے۔ ایک مومن کو تو یہ ضمانت میسر ہے کہ اگر کسی کی غلط زبان پر یا غلط بات پر یا غلط حملوں پر تم صبر کرتے ہو تو فرشتے جواب دیتے ہیں۔ جب فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے ہماری ڈھال بھی بنا دیا ہے اور ہماری طرف سے جواب دینے کے لئے بھی مقرر کر دیا ہے تو پھر اس سے بہتر اور کیا سودا ہوگا۔

(خطبہ جمعہ 10/ اگست 2007ء)(مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل لندن مورخہ 31/ اگست تا 6 ستمبر 2007ء ص 5 تا 8)

خطبات و خطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۱۴ مارچ ۲۰۲۵ء بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یوکے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم رمضان کے دوسرے عشرے میں سے گزر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کا رمضان سے ایک خاص تعلق بیان فرمایا ہے۔ ایک خاص نسبت بیان فرمائی ہے اور فرمایا کہ شَهۡرُ رَمَضَانَ الَّذِيۡۤ اُنۡزِلَ فِيۡهِ الۡقُرۡاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡهُدٰى وَالۡفُرۡقَانِ۔ (البقرۃ:۱۸۶) یہ رمضان کا مہینہ جس میں قرآن انسانوں کے لیے ایک عظیم ہدایت کے طور پر اتارا گیا اور ایسے کھلے نشان کے طور پر جن میں ہدایت کی تفصیل اور حق و باطل میں فرق کر دینے والے امور ہیں۔

قرآن کریم کی اہمیت اور نسبت رمضان کے ساتھ بہت زیادہ ہے۔ پس اس بات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے اور قرآن کریم کو پڑھنے، سننے اور درسوں میں شامل ہونے وغیرہ کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

بہت سارے لوگ ہیں جن کو عربی نہیں آتی۔ قرآن شریف کو صحیح طور پر سمجھ نہیں سکتے تو ترجمے اس کے موجود ہیں۔ تلاوت کے ساتھ ان ترجموں کو پڑھنا چاہیے۔ درسوں کے دوران ہمیں غور کرنا چاہیے۔ خلفاء جو بیان کرتے رہے ان کے خطبات ہیں اور اسی طرح درسوں پہ بھی یہ بیان کیا گیا ہے۔ اس سے ہمارے علم میں اضافہ ہو گا۔

پس جیسا کہ میں نے کہا کہ

ترجمہ اور درس سن کر ہمیں اس پر عمل کرنے والا ہونا چاہیے۔ قرآن کریم نے جو احکامات دیے ہیں، جو تعلیم دی ہے اس پر ہم عمل کرنے والے ہوں۔ اگر صرف سن کر اسے بھول گئے۔ پڑھا اور پھر توجہ نہ دی تو پھر وہ فوائد حاصل نہیں ہو سکتے جو قرآن کریم سے ہم حاصل کر سکتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ

”اس کے فیوض و برکات کا در ہمیشہ جاری ہے اور وہ ہر زمانہ میں اسی طرح نمایاں اور درخشاں ہے جیسا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت تھا۔“ (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۵۷ مطبوعہ ۱۹۸۴ء)

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں، یہ خیال کرتے ہیں کہ قرآن کریم بہت مشکل کتاب ہے لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ (القمر:۱۸) اور یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کی خاطر آسان بنا دیا۔ پس کیا کوئی ہے نصیحت پکڑنے والا؟

پس یہ اللہ تعالیٰ کا دعویٰ ہے، یہ اس کا دعویٰ ہے جس نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ وہ اس کی فطرت کو جانتا ہے، اس کے حالات کو جانتا ہے، اس کی استعدادوں کو جانتا ہے۔ فرماتا ہے کہ مَیں نے تو قرآن کریم میں آسان تعلیم دی ہے اس پر عمل کرنے کے لیے تمہیں کوشش تو بہرحال کرنی پڑے گی اور اگر کوشش کرو گے تو پھر تم کامیاب بھی ہو جاؤ گے اور اس پر عمل کرنے والے بھی ہو گے۔ پس تمہیں نصیحت یہی ہے کہ اس پر عمل کرنے کے لیے اپنی طرف سے پوری کوشش کرو صرف نام کے مسلمان نہ بنو۔

پس ہر احمدی کو یاد رکھنا چاہیے کہ ہمیں جو کچھ ملنا ہے قرآن کریم کی برکت سے ملنا ہے اور ہمیں اس طرف بہت زیادہ توجہ دینی چاہیے۔

پس اس بات کو ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ قرآن کریم ہی وہ تعلیم ہے جو ہمیں کامیابیوں سے سرفراز کرنے والی ہے اور کامیابیاں ہمیں اسی سے ملیں گی کہ اگر ہم اس کی تعلیم پر عمل کریں گے اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کی کوشش کریں گے۔

اگر کامیابی حاصل کرنی ہے تو قرآن کریم کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔ اگر مسلمان ہونے کا دعویٰ ہے اور پھر اگر قرآن کریم ہاتھ میں نہیں ہے، قرآن کریم پر عمل نہیں ہے تو پھر باوجود مسلمان ہونے کے کوئی کامیابی نہیں مل سکتی۔

پس ہر احمدی کو اپنی کامیابیوں کو حاصل کرنے کے لیے یہ نسخہ آزمانا چاہیے جس سے دین بھی سنور جائے اور دنیا بھی حاصل ہو جائے۔

مسلمانوں میں آجکل جو جھگڑے ہیں۔ فساد ہیں۔ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹی جا رہی ہیں۔ الزام تراشیاں کی جا رہی ہیں۔ حکومتیں عوام سے لڑ رہی ہیں عوام حکومتوں سے لڑ رہے ہیں۔ ایک دوسرے کی قتل و غارت ہو رہی ہے۔ بغاوتیں ہو رہی ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ قرآن کریم پر عمل نہیں ہے۔

ایک روایت میں آتا ہے۔ حضرت صہیبؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن کریم کے محرّمات کو عملاً حلال سمجھ لیا اس کا قرآن پر کوئی ایمان نہیں۔

(سنن الترمذی کتاب فضائل القرآن عن رسول اللہؐ باب من قرأ القرآن ... حدیث ۲۹۱۸)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ایک جگہ فرماتے ہیں کہ ’’انسان کو چاہیے کہ قرآن شریف کثرت سے پڑھے جب اس میں دعا کا مقام آوے تو دعا کرے۔‘‘ سنوار کے پڑھنے کی وضاحت یہ ہے کہ جب دعا کا مقام آوے تو دعا کرے۔ ’’اور خود بھی خدا سے وہی چاہے جو اس دعا میں چاہا گیا ہے۔‘‘ قرآن کریم میں دعائیں آتی ہیں تو ان موقعوں پر دعا کرے اور قرآن شریف میں بہت ساری دعائیں ہیں انبیاء نے ہی مانگی ہیں تو ان دعاؤں میں وہاں اللہ تعالیٰ سے جو مانگا گیا ہے فرمایا کہ انسان خود بھی کہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی یہ دے اور فرمایا کہ ’’اور جہاں عذاب کا مقام آوے تو اس سے پناہ مانگے ان بداعمالیوں سے بچے جس کے باعث وہ قوم تباہ ہوئی۔‘‘ (ملفوظات جلد ۶ صفحہ ۲۶۵-۲۶۶ ایڈیشن ۱۹۸۴ء)

قوموں کی تباہیوں کا ذکر ہے کہ ان میں کیا کیا بداعمالیاں تھیں جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو پکڑا۔ جب ایسا مقام آئے تو انسان ان سے استغفار بھی کرے اور بچنے کی کوشش بھی کرے۔ جب ہم یہ کریں گے تو بہت ساری برائیوں سے ہم خود بخود ہی بچتے چلے جائیں گے۔

رمضان کے مہینے میں جو قرآن کریم پڑھیں تو ان چیزوں پر غور کریں اور پھر اس تعلیم کو مستقل پھیلانے کے لیے سارا سال ہمیں کوشش کرتے رہنا چاہیے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ایک جگہ فرماتے ہیں کہ ’’میں بار بار کہتا ہوں اور بلند آواز سے کہتا ہوں کہ قرآن اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت رکھنا اور سچی تابعداری اختیار کرنا انسان کو صاحبِ کرامات بنا دیتا ہے۔‘‘ (انجام آتھم، روحانی خزائن جلد ۱۱ صفحہ ۳۴۵)

آپؑ نے فرمایا ’’قرآنِ شریف پر تدبر کرو۔ اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے اور آئندہ زمانہ کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بتازہ ملتے ہیں۔‘‘

(ملفوظات جلد ۹ صفحہ ۱۲۲۔ ایڈیشن ۱۹۸۴ء)

آپؑ نے فرمایا۔ یہ فخر قرآنِ مجید کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کو دور کرنے کا طریق بھی بتا دیا ہے۔ اس لیے قرآنِ مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے مطابق رکھنے کی کوشش کرو۔ اور قرآن کریم کو پڑھنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے آپؑ فرماتے ہیں کہ ’’قرآن شریف کو پڑھو اور خدا سے کبھی ناامید نہ ہو۔ مومن خدا سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ یہ کافروں

کی عادت میں داخل ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ ہمارا خدا عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر خدا ہے۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو اور نمازوں کو سنوار سنوار کر پڑھو اور اس کا مطلب بھی سمجھ لو۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کر لو۔ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔"

(ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۵۷-۵۸ ایڈیشن ۲۰۲۲ء)

پس یہ وہ باتیں ہیں جن پر ایک مومن کو عمل کرنا چاہیے اور جب ہم اس طرح عمل کریں گے تو پھر ہم اللہ تعالیٰ کے فضل سے قرآن کریم کی تعلیمات سے فیض اٹھانے والے ہوں گے اور اپنی زندگیوں کو سنوارنے والے بنیں گے اپنی نسلوں کو سنوارنے والے بنیں گے اور جب یہ ہو گا تو پھر ہم اس مقصد کو حاصل کرنے والے بھی بن جائیں گے جو ہماری پیدائش کا ہماری زندگی کا مقصد ہے۔ اور ہماری زندگیاں کامیاب ہوں گی، ہماری نسلیں بھی کامیابی سے گزریں گی۔

پس ان دنوں میں، رمضان کے دنوں میں خاص طور پر جب ہم قرآن کریم کی طرف توجہ دے رہے ہیں تو ساتھ ساتھ یہ بھی عہد کریں کہ ہم یہ توجہ ہمیشہ قائم رکھیں گے اور ہمیشہ قرآن کریم پڑھنے کی طرف توجہ رکھیں گے۔ اس پر عمل کرنے کی طرف توجہ رکھیں گے اور اپنے بچوں کو بھی اس کے پڑھنے کی تلقین کریں گے۔ نہ صرف یہ کہ ایک دفعہ آمین کرائی اور اس کے بعد معاملہ ختم ہو گیا۔ نہیں بلکہ اب قرآن کریم ہمارے لیے ایک ایسی کتاب ہو گی جو ہماری ہدایت کا ذریعہ ہے اور ہمیں ہمیشہ صحیح راستوں پر اور تقویٰ پر چلانے کے لیے ایک کامل لائحہ عمل ہے اور جب یہ ہو گا تو پھر ہماری زندگیاں ہمیشہ کامیاب رہیں گی۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے کہ ہم اس رمضان میں جہاں اس کی تلاوت کریں وہاں اس کو سمجھنے کی بھی کوشش کریں اور اس پر عمل کرنے کا عہد کریں اور آئندہ بھی اس عہد کو پورا کرنے کی کوشش کرتے چلے جائیں اور سارا سال اس کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔

H.A. GHOURI
9848955134
7013492780
GHOURI ROLLING SHUTTERS
WHOLESALE DEALER
Suppliers of All Spare Parts of Rolling Shutters Specialist in: Gear & Remote Shutters
SHOP NO 5-6, YERRAKUNTA, OPP. TOTAL GAZ PUMP,PAHADI SHAREEF ROAD HYDERABAD (T.S.)

Prop.
Mr. Mazhar ul Haq & Bro's
08182-640054
9448786601
9632888611
J. S. TRANSPORTS
Handling & Transport Contractor

2nd Cross, Sheshadri Puram,SHIMOGA.
E-mail: jstransports@gmail.com

غیر مسلموں کے حقوق

اسلامی ریاست میں اقلیتوں کا تحفظ

شیخ ریحان مربی سلسلہ قادیان

’’اسلام‘‘ امن و سلامتی کا عظیم علَم بردار ہے، اس کی نگاہ میں بنی نوع انسان کا ہر فرد، بلاتفریقِ مذہب وملّت احترام کا مستحق ہے۔

اسلام ان تمام حقوق میں، جو کسی مذہبی فریضہ اور عبادت سے متعلق نہ ہوں ان کا تعلق ریاست کے نظم و ضبط اور شہریوں کے بنیادی حقوق سے ہو غیر مسلم اقلیتوں اور مسلمانوں کے درمیان عدل و انصاف اور مساوات قائم کرنے کا حکم دیتا ہے۔قرآن میں ان غیرمسلموں کے ساتھ، جو اسلام اور مسلمانوں سے عداوت نہ رکھتے ہوں اور نہ ان کے خلاف کسی شازشی سرگرمی میں مبتلا ہوں تو ایسے لوگوں کے لئے سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے خیر خواہی، مروت، حسن سلوک اور رواداری کی تعلیم دی ہے بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ تاکیدی ہدایت کی ہے۔

اسلامی ریاست میں تمام غیرمسلم اقلیتوں اور رعایا کو عقیدہ، مذہب، جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ کی ضمانت حاصل ہوگی۔ وہ انسانی بنیاد پر شہری آزادی اور بنیادی حقوق میں مسلمانوں کے برابر شریک ہوں گے۔قانون کی نظر میں سب کے ساتھ یکساں معاملہ کیا جائے گا، بحیثیت انسان کسی کے ساتھ کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔ جزیہ قبول کرنے کے بعد ان پر وہی واجبات اور ذمہ داریاں عائد ہوں گی، جو مسلمانوں پر عائد ہیں، انہیں وہی حقوق حاصل ہوں گے جو مسلمانوں کو حاصل ہیں اور ان تمام مراعات وسہولیات کے مستحق ہوں گے، جن کے مسلمان ہیں۔

قارئین کرام!! اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل و فہم عطا کی ہے، تاکہ وہ اندھا بہرا ہو کر کسی چیز کو قبول نہ کرے۔ اللہ پر ایمان و یقین یعنی توحید اسلام کا سب سے بنیادی ستون ہے مگر اس توحید کے ماننے میں بھی قرآن پاک عوام الناس کو غور و فکر کی دعوت دیتا ہے اور اس کی عقل کو جامد اور اپنے ماحول کا پابند کرنے کے بجائے وہ اس وسیع وعریض دنیا اور پوری کائنات کی وسعت پر غور کرنے پر ابھارتا ہے، اس لیے کہ جب انسان کائنات کی تخلیق اور اس کے نظام پر غور کرے گا تو اس کی عقل وفہم وحدانیت ماننے پر اسے مجبور کریں گے اور وہ خود بخود پکار اٹھے گا کہ اس کائنات کا ایک ہی خالق و مالک ہے، قرآن کی سیکڑوں آیتوں میں اسے غور وفکر پر ابھارا گیا ہے۔

جب خیبر فتح ہوا تو یہودی بستیوں پر غلبہ حاصل کر لینے کے بعد ان پر جزیہ لگایا گیا جو ایک تاوان جنگ کی سی صورت میں تھا۔ اس کے بعد اسلامی حکومت میں وسعت ہوئی اور مسلمانوں کو ۱۰ھ کے آتے آتے تمام جزیرۃ العرب پر غلبہ حاصل ہوگیا، اب غیر مسلم رعایا کا مسئلہ پیدا ہوا تو اسلامی تاریخ میں یہ حقائق موجود ہیں کہ اسلامی ریاست میں غیرمسلموں کو تمام بنیادی حقوق عطا کیے گئے۔ دنیا کی تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ فاتح قوم نے کبھی بھی مفتوح اقوام کو اپنے برابر کے حقوق نہیں دیئے، زمانۂ قبل از تاریخ سے آج تک کی تاریخ میں ایسے ہزارہا واقعات مل جائیں گے کہ فاتح قوم نے نہ صرف یہ کہ مفتوح قوم کو غلام بنایا، بلکہ ان کے مذہب، ثقافت اور معیشت تک کو برباد کیا۔

انسانی فطرت سے اس کی توقع کی جاسکتی تھی کہ مسلمان جب غالب ہوگئے تھے اور جزیرۃ العرب میں بسنے والے دیگر مذاہب کے پیروکار جو ان کے رسول ﷺ اور دین کو نہیں مان رہے تھے اور ہمیشہ سے ان سے برسرِپیکار رہے تھے، ایسے میں مسلمان ان سے کم از کم بہت نرم برتاؤ بھی کرتے تو ان کو اپنا آبائی دین چھوڑ کر اسلام قبول کرنے کے لیے مجبور کرسکتے تھے، اس لیے کہ وہ

غالب تھے۔

یہاں پر بھی قرآن حکیم نے صاف صاف بتادیا کہ مسلمان غالب ہوں یا مغلوب، ان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے مذہب کے پیروکار کو جبراً مسلمان بنائیں، ارشاد ہوا ''لا اکراہ فی الدین''۔ یہ ایک بنیادی اصول بتادیا گیا ہے کہ دین کے قبول کرنے میں یا کسی دین کو رد کرنے میں کسی کو مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ اور خلفائے راشدینؓ کے دور خلافت میں کوئی ایک بھی ایسی مثال نہیں ملتی جس سے اسلام کی تبلیغ میں زور، جبر، یا تشدد استعمال کیا گیا ہو ثابت ہوتا ہے۔

کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہے کہ دین کے بارے میں کسی قسم کا جبر نہیں۔ اس کے علاوہ اگر اللہ تعالیٰ جس نے پورے کائنات کو پیدا کیا اگر وہ چاہتا تو سب کو مومن بنا دیتا۔

جو لوگ جنگ کے بغیر، یا دوران جنگ میں اطاعت قبول کرنے پر راضی ہو جائیں اور حکومت اسلامی سے مخصوص شرائط طے کرلیں، ان کے لیے اسلام کا قانون یہ ہے کہ ان کے ساتھ تمام معاملات ان شرائط صلح کے تابع ہوں گے جو ان سے طے ہوئی ہوں۔ دشمن کو اطاعت پر آمادہ کرنے کے لیے چند فیاضانہ شرائط طے کرلینا اور پھر جب وہ پوری طرح قابو میں آجائے تو اس کے ساتھ مختلف برتاؤ کرنا آج کل کی مہذب قوموں کے سیاسی معمولات میں سے ہے مگر اسلام اس کو ناجائز بلکہ حرام اور گناہ عظیم قرار دیتا ہے۔ اس کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ جب کسی قوم کے ساتھ کچھ شرائط طے ہو جائیں (خواہ وہ مرغوب ہوں' یا نہ ہوں) تو اس کے بعد ان شرائط سے یک سر مُو تجاوز نہ کیا جائے بلالحاظ اس کے کہ فریقین کی اعتباری حیثیت اور طاقت وقوت (relative position) میں کتنا ہی فرق آجائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لَعَلَّكُمْ تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا فَتَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ فَيَتَّقُوْنَكُمْ بِاَمْوَالِهِمْ دُوْنَ اَنْفُسِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ قَالَ سَعِيْدٌ فِيْ حَدِيْثِهٖ فَيُصَالِحُوْنَكُمْ عَلٰى صُلْحٍ فَلَا تُصِيْبُوْا مِنْهُمْ فَوْقَ ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَصْلُحُ لَكُمْ۔ (ابوداؤد' حدیث ۳۰۲۷)

اگر تم کسی قوم سے لڑو اور اس پر غالب آجاؤ اور وہ قوم اپنی اور اپنی اولاد کی جان بچانے کے لیے تم کو خراج دینا منظور کرلے (ایک اور حدیث میں ہے کہ تم سے صلح نامہ طے کرلے) تو پھر بعد میں اس مقررہ خراج سے ایک حبہ (دانہ) بھی زائد نہ لینا کیونکہ وہ تمہارے لیے ناجائز ہوگا۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا اَوِ انْتَقَصَهٗ اَوْ كَلَّفَهٗ فَوْقَ طَاقَتِهٖ اَوْ اَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(ابوداؤد، حدیث ۳۰۲۸)

خبردار! جو شخص کسی معاہد پر ظلم کرے گا، یا اس کے حقوق میں کمی کرے گا، یا اس کی طاقت سے زیادہ اس پر بار ڈالے گا یا اس سے کوئی چیز اس کی مرضی کے خلاف وصول کرے گا اس کے خلاف قیامت کے دن میں خود فریادی بنوں گا۔

مذکورہ دونوں احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ ذمیوں کے ساتھ صلح نامے میں جو شرائط طے ہوا ُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔

حضرت عمرؓ نے مفتوحین سے متعلق حضرت عبیدہؓ کو صاف لکھا تھا کہ:

فَاِذَا اَخَذْتَ مِنْهُمُ الْجِزْيَةَ فَلَا شَيْءَ لَكَ عَلَيْهِمْ وَلَا سَبِيْلَ۔

(کتاب الخراج، ص ۸۲)

جب تم ان سے جزیہ قبول کرلو تو پھر تم کو ان پر دست درازی کا کوئی حق باقی نہیں رہتا۔

ذمی کے خون کی قیمت مسلمان کے خون کے برابر ہے۔ اگر کوئی مسلمان ذمی کو قتل کرے گا تو اس کا قصاص اسی طرح لیا جائے گا جس طرح مسلمان کو قتل کرنے کی صورت میں لیا جاتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک مسلمان نے ایک ذمی کو قتل کیا تو آپ نے اس کے قتل کا حکم دیا۔

حضرت عمرؓ کے زمانے میں ایک شخص نے ایک ذمی کو قتل کر دیا۔

اس پر آپؐ نے حکم دیا کہ قاتل کو مقتول کے ورثا کے حوالے کیا جائے۔ چنانچہ وہ مقتول کے وارثوں کو دے دیا گیا اور انہوں نے اس کو قتل کر دیا۔

ذمی اور مسلمانوں میں فوجداری اور دیوانی قانون یکساں ہے اور اس میں دونوں کا درجہ مساوی ہے۔ جرائم کی جو سزا مسلمان کو دی جائے گی وہی ذمی کو بھی دی جائے گی۔ ذمی کا مال مسلمان چرالے یا مسلمان کا مال ذمی چرالے دونوں صورتوں میں سارق کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔تجارت کے جو طریقے ہمارے لیے ممنوع ہیں وہی ان کے لیے بھی ہیں۔ذمی کو زبان ہاتھ پاؤں سے تکلیف پہنچانا، اس کو گالی دینا مارنا پیٹنا یا اس کی غیبت کرنا، اسی طرح ناجائز ہے جس طرح مسلمان کے حق میں یہ افعال ناجائز ہیں۔

یہاں یہ ذکرمناسب ہے کہ وہ بستیاں جو اسلامی شہروں میں داخل نہیں ہیں، ان میں ذمیوں کو صلیب نکالنے، ناقوس اور گھنٹے بجانے اور مذہبی جلوس نکالنے کی آزادی ہوگی، اگر ان کی عبادت گاہیں ٹوٹ پھوٹ جائیں، تو ان کی مرمت اور ان کی جگہوں پر نئی عبادت گاہیں بھی تعمیر کر سکتے ہیں۔ البتہ ان شہروں میں، جو جمعہ عیدین، اقامت حدود اور مذہبی شعائر کی ادائیگی کے لیے مخصوص ہیں، انہیں کھلے عام مذہبی شعائر ادا کرنے اور دینی و قومی جلوس نکالنے کی اجازت نہیں دی جاتی تھی اور نہ وہ ان جگہوں میں نئی عبادت گاہیں تعمیر کر سکتے تھے۔ البتہ عبادت گاہوں کے اندر انہیں مکمل آزادی حاصل ہوگی۔ اور عبادت گاہوں کی مرمت بھی کرسکتے ہیں۔کیونکہ ارشادِ ربانی ہے کہ دین کے بارے میں کوئی زبردستی نہیں۔

بہر حال تاریخ سے واقف کار لوگ جانتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے صرف تعلیم ہی نہیں دی بلکہ ان تعلیمات پر عمل کر کے دکھایا ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مسلمان حکومتوں کو آنحضرت ﷺ کی پُر امن تعلیمات پر کماحقہ عمل پیرا ہونے کی توفیق دے۔آمین

Prop : Mohammed Yahiya Ateeq
Cell : 9886671843
ಐ ಮೊಬೈಲ್ಸ್
I MOBILES
Authorised Service centre of
LAVA itel INTEX
XOLO the next level
Infinix The future is Now
TECNO Mobile
spice
1st Floor Kallur Complex, Gandhi Chowk Yadgir - 585201.

NUSRAT
MOTORS RE-WINDING
Cell : 9902222345
9448333381

Spl. in :
All Types of Electrical Motor Re-Winding,
Pump Set, Starters & Panel Repairing Centre.
HATTIKUNI ROAD, YADGIR - 585201

HR
Sk. Anas Ahmad
Mob : 9861084857
9583048641
email : anash.race@gmail.com

H. R. ALUMINIUM & STEEL
We Deal with all Types of Aluminium & Steel Works
Sliding Window, Door, Partition, ACP Work,
Glazing, Steel Railing etc.
Sivananda Complex, Machhuati, Near Salipur SBI

AHMAD FRUIT AGENCY
Commission & Forwarding Agents :
Asnoor, Kulgam (Kashmir)
Hqrt. Dar Fruit Co.
Kulgam
B.O. Ahmad Fruits
Mobiles : 9622584733,7006066375,9797024310

JMB Rice mill Pvt. Ltd.
At. Tisalpur, P.O. Rahanja, Bhadrak, Pin-756111
Ph. : 06784 - 250853 (O), 250420 (R)

”انسان کی ایک ایسی فطرت ہے کہ وہ خدا کی محبت اپنے اندر مخفی رکھتی ہے پس جب وہ محبت تزکیہ نفس سے بہت صاف ہو جاتی ہے اور مجاہدات کا صیقل اس کی کدورت کو دور کر دیتا ہے تو وہ محبت خدا کے نور کا پرتو حاصل کرنے کے لئے ایک مصفا آئینہ کا حکم رکھتی ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو جب مصفا آئینہ آفتاب کے سامنے رکھا جائے تو آفتاب کی روشنی اس میں بھر جاتی ہے۔“
(کلام امام الزمان)

Love For All Hatred For None
Sk. Zahed Ahmad
Proprietor
M/S
M.F. ALUMINIUM
Deals in :
All types of Aluminium, Sliding, Window, Door, Partitions, Structural Glazing and Aluminium Composite Panel

Chhapullia, By-Pass, Bhadrak, Orissa, Pin - 756100, INDIA
Mob 09437408829, (R) 06784-251927

غریب، یتیم اور مظلوم کے حقوق: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں

عثمان احمد استاد جامعہ احمدیہ قادیان

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو نہ صرف عبادات کی تعلیم دیتا ہے بلکہ ایک منصفانہ، پُرامن اور ہمدرد معاشرہ قائم کرنے کی بھی تاکید کرتا ہے۔ قرآنِ کریم اور سنتِ نبوی ﷺ کی تعلیمات میں غریب، یتیم، مظلوم، اور کمزور طبقات کے حقوق پر بہت زور دیا گیا ہے۔ ان کی خدمت، اعانت اور فلاح کو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ زکوٰۃ، صدقات، یتیم پروری اور سماجی انصاف جیسے اصول اسلامی فلاحی نظام کے ستون ہیں۔

غریبوں کے حقوق اور اسلام کا نظامِ زکوٰۃ وصدقات

اسلامی معیشت میں زکوٰۃ ایک مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ زکوٰۃ کا مقصد دولت کی گردش کو یقینی بنانا اور غریبوں کی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ قرآنِ کریم میں ارشاد ہے:

خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمۡ وَتُزَكِّيۡهِمۡ بِهَا (التوبہ: ۱۰۳)

اے نبی! ان کے اموال میں سے صدقہ لے لیا کرو تاکہ ان کو پاک اور بابرکت بناؤ۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”نماز کے بعد دوسرا حکم زکوٰۃ کا ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ جس مال پر ایک سال گزر جائے، اس پر غریبوں اور مسکینوں کی امداد کے لیے چالیسواں حصّہ نکالا جائے۔ اگر اسلامی حکومت ہو تو اس کو وہ حصّہ دیا جائے، اگر نہ ہو تو جو انتظام ہو، اس کو دیا جائے۔“

(فرمودات مصلح موعود دربارہ فقہی مسائل، صفحہ ۱۴۲)

زکوٰۃ کے لغوی معنی پاک کرنے، صالح اور مناسب ہونے، بڑھنے، بہترین اور لائق ہونے کے ہیں، اور یہ پانچ ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مسجد نبوی میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ صحابہ رضوان اللہ علیہم کے درمیان تشریف فرما تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام انسانی شکل میں آپ کی مجلس میں تشریف لائے اور سوال کیا: ”یا رسول اللہ ﷺ! اسلام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے جواباً فرمایا: اسلام کے پانچ ارکان ہیں: (۱) کلمہ طیبہ (۲) اقامۃ الصلوٰۃ (۳) ایتاء الزکوٰۃ (۴) صوم رمضان (۵) حج۔ اس پر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا: صَدَقْتَ یا رسول اللہ! آپ نے درست فرمایا۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

”جسے اللہ نے مال دیا اور اس نے اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو قیامت کے دن اس کا مال نہایت زہریلے سانپ کی شکل اختیار کرلے گا جو اس کے گلے کا طوق ہوگا۔ پھر وہ سانپ اپنے جبڑوں سے اسے پکڑ لے گا اور کہے گا: میں تیرا مال اور خزانہ ہوں۔“ (بخاری، کتاب الزکوٰۃ)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”جماعت میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ زکوٰۃ کا نظام رائج نہیں اور ہم اس طرف توجہ نہیں دیتے۔ جماعت میں زکوٰۃ کا نظام رائج ہے، اس لیے جن پر زکوٰۃ فرض ہے، ان کو میں توجہ دلاتا ہوں کہ زکوٰۃ دینی لازمی ہے، وہ ضرور دیا کریں۔“ (خطبات مسرور، جلد ۵، صفحہ ۱۵۳)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مزید فرماتے ہیں:

”زکوٰۃ کی ادائیگی کے بارے میں سوال ہوتے ہیں۔ یہ بنیادی حکم ہے۔ جن پر زکوٰۃ واجب ہے، ان کو ضرور ادا کرنی چاہیے اور اس میں بھی کافی گنجائش ہے۔ بعض لوگوں کی رقمیں کئی کئی سال بینکوں میں پڑی رہتی ہیں اور ایک سال کے بعد بھی اگر رقم جمع ہے تو اس پر بھی زکوٰۃ دینی چاہیے۔ پھر عورتوں کے زیورات ہیں، ان پر زکوٰۃ دینی چاہیے۔ جو کم از کم شرح ہے، اس کے مطابق ان زیورات پر زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے۔ پھر بعض زمینداروں پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے، ان کو زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے۔ تو یہ ایک بنیادی حکم ہے، اس پر بہرحال توجہ دینے کی ضرورت ہے۔“

(خطبہ جمعہ ۳۱ مارچ ۲۰۰۶ء، خطبات مسرور، جلد چہارم، صفحہ ۱۷۵)

زکوٰۃ صرف مالی عبادت نہیں بلکہ یہ ایک سماجی فریضہ ہے۔

اس کے ذریعے دولت کا توازن برقرار رکھا جاتا ہے تا کہ کوئی فرد بھوک، بیماری یا تنگ سے نہ مرے۔ اسلام نے صدقہ، خیرات، عطیات، اور قرضِ حسنہ جیسے ذرائع کو بھی فروغ دیا تا کہ ہر فرد کی بنیادی ضروریات پوری ہوں۔

یتیم پروری: اسلام کی خاص ہدایت

یتیموں کے حقوق پر اسلام نے خاص طور پر زور دیا ہے۔ یتیم بچپن ہی میں اپنے والد کی شفقت سے محروم ہو جاتا ہے، اس لیے اسلام نے معاشرے کو ذمہ دار ٹھہرایا کہ وہ ان بچوں کی کفالت کرے۔ قرآنِ کریم میں ارشاد ہے:

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ (الضحیٰ: ۹)

پس یتیم پر سختی نہ کرو۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

أنا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فى الجنَّةِ هكذا، وقال بإصبعيه السبابةِ والوسطى (بخاری)

میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ساتھ ہوں گے (جیسے یہ دو انگلیاں)۔

اسلام میں یتیم کی پرورش، تعلیم، حفاظت اور وراثتی حقوق کی ضمانت دی گئی ہے۔ یتیم کا مال کھانے والے پر سخت وعید سنائی گئی ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا (النساء: ۱۰)

جو لوگ یتیموں کے مال ناانصافی سے کھاتے ہیں، وہ درحقیقت اپنے پیٹوں میں آگ بھر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور پیارے بندوں کی ایک خوبی یہ بھی بیان فرماتا ہے:

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَّيَتِيمًا وَّأَسِيرًا ۝ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَّلَا شُكُورًا (سورۃ الدھر: ۹-۱۰)

اور وہ اللہ کی محبت میں مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم صرف اللہ کی رضا کے لیے تمہیں کھلاتے ہیں، نہ تم سے بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ۔

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام غرباء پروری میں بہت بڑھے ہوئے تھے اور اپنے آقا حضرت محمد ﷺ کی طرح تمام مصیبت زدوں اور بے سہارا لوگوں پر دستِ شفقت رکھتے اور کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ نہ جانے دیتے۔ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں:

''جو لوگ غریبوں کے ساتھ اچھے سلوک سے پیش نہیں آتے بلکہ ان کو حقیر سمجھتے ہیں، مجھے ڈر ہے کہ وہ خود مصیبت میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے جن پر فضل کیا ہے، اس کی شکر گزاری یہی ہے کہ اس کی مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور اس خداداد فضل پر تکبر نہ کرے اور وحشیوں کی طرح غریبوں کو نہ کچل ڈالے۔''

(ملفوظات، جلد ۴، صفحہ ۴۳۹)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کے وقت سے خدمت خلق کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا تھا۔ حضرت میر محمد اسحٰق رضی اللہ عنہ یتامیٰ کی پرورش اور خبر گیری کے لیے اس قدر اہتمام فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ یتامیٰ کے کھانے کے لیے ہوسٹل میں آٹا ختم ہو گیا۔ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب رضی اللہ عنہ نے فوری طور پر، باوجود شدید علالت کے، تانگہ منگوایا اور مخیر دوستوں کو تحریک کر کے آٹا کا بندوبست کیا۔

اس کے بعد خلفاء احمدیت کی ہدایات اور راہنمائی میں یہ نظام چلتا رہا، حتیٰ کہ مارچ ۱۹۸۹ء میں صد سالہ جوبلی کے مبارک موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے باقاعدہ طور پر ''کفالت یکصد یتامیٰ'' کے نام سے اس تحریک کا اجراء فرمایا اور فرمایا کہ اس مبارک اور تاریخی موقع پر شکرانے کے طور پر جماعت احمدیہ ایک سو یتامیٰ کی کفالت کا ذمہ اٹھانے کا عہد کرتی ہے۔

مظلوموں کے ساتھ انصاف اور حمایت

اسلام ظلم کو سختی سے منع کرتا ہے اور مظلوم کی حمایت کو فرض قرار دیتا ہے۔ مظلوم خواہ کسی بھی قوم، مذہب یا طبقہ سے تعلق رکھتا ہو، اسلام اس کے ساتھ کھڑے ہونے کی تلقین کرتا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: انصر أخاك ظالمًا أو مظلومًا

صحابہؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! مظلوم کی مدد تو سمجھ میں آتی ہے، لیکن ظالم کی کیسے؟ فرمایا: ظالم کو ظلم سے روکنا اس کی مدد ہے۔ (بخاری)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

پھر ایک نیکی مظلوم کی امداد ہے۔بعض ملک اس لیے تباہ ہو گئے کہ ان میں مظلوم کی امداد نہیں کی جاتی تھی۔

قرآنِ کریم میں ارشاد ہے: وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا

اس آیت میں ہر مظلوم کے لیے تسلی اور ہر ظالم کے لیے وعید ہے۔ نیز اس آیت میں ایک مشہور مقولے کی تائید بھی ہے کہ خدا کے ہاں دیر ہے، اندھیر نہیں۔

اسلامی معاشرے میں عدل و انصاف کی بنیاد پر فیصلے کیے جاتے ہیں۔مظلوم کو انصاف دلانا اسلامی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

سماجی انصاف: اسلامی ریاست کا نصب العین

اسلام نے معاشرتی انصاف کے قیام پر بار بار زور دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے مدینہ کی اسلامی ریاست میں تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دیے۔ اسلام میں نہ نسل، نہ زبان، نہ رنگ اور نہ ہی مال و دولت انسان کی عزت کا معیار ہے، بلکہ تقویٰ معیار ہے۔

قرآنِ کریم فرماتا ہے:

إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ (الحجرات: ۱۳)

اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہے۔

انسانی حقوق کا سنہرا واقعہ ہے۔ رعایا کی جان و مال اور عزت و آبرو کو نقصان پہنچانے والوں کے لیے سخت سزائیں مقرر فرمائیں۔ مادیت پرستی کی بجائے ایثار و قربانی کا جذبہ پیدا کیا۔ جمہوریت، سماجی تحفظ، مذہبی آزادی، حقوقِ نسواں، بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی مساوات جیسے جدید تصورات کا جو شعور اقوامِ متحدہ نے ۱۹۴۵ میں دیا تھا، آپ ﷺ ۱۴ صدیاں قبل ریاستِ مدینہ میں ان کا عملی نمونہ بھی پیش کر چکے تھے۔

دورِ حاضر میں اسلامی معاشروں میں سماجی انصاف کا شدید فقدان ہے جس کی کئی وجوہات ہیں۔ ایک بنیادی وجہ قانون کا غیر مساوی اطلاق ہے۔ عام آدمی عدالتوں میں جانے سے پناہ مانگتا ہے۔ اداروں میں میرٹ کا قتلِ عام ہے۔ اکثر فیصلے پسند ناپسند یا ذاتی بغض و عناد کی بنا پر کیے جاتے ہیں، حالانکہ فرمانِ الٰہی ہے:

کسی قوم کی سخت دشمنی بھی تمہیں اس بات پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرسکو۔ (سورہ مائدہ: ۸)

الغرض، وہ تمام برائیاں جن کی بنا پر گزشتہ قومیں عذابِ الٰہی کا شکار ہوئیں، وہ آج ہمارے معاشروں میں مختلف پرکشش ناموں کے ساتھ علی الاعلان جاری و ساری ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی شانِ رحمۃ للعالمین ہی کا صدقہ کہ ہم اجتماعی عذاب سے محفوظ ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’پھر اپنے معاشرے میں انصاف اور عدل اور سچائی قائم کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو یہ بھی حکم دیا ہے کہ اپنے ذاتی معاشرتی اور قومی معاملات سے نکل کر بھی اعلیٰ معیار کا عدل اور انصاف قائم کرنا تمہاری ذمہ داری ہے اور غیر قوموں سے بھی عدل اور انصاف کا سلوک کرتے ہوئے اس کے اعلیٰ معیار قائم کرو۔ اگر دشمنوں کے ساتھ بھی تم نے عدل اور انصاف کے معیار قائم نہ کئے تو خیال کیا جائے گا کہ تم تقویٰ پر چلنے والے نہیں ہو۔ پھر آپ نے سورۃ مائدہ کی آیت ۹ کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے:

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو، یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔‘‘

(خطبہ جمعہ ۱۰ نومبر ۲۰۱۷ء)

اسلامی سماج میں کوئی فرد بھوکا، بے گھر یا تعلیم سے محروم نہیں رہ سکتا، کیونکہ بیت المال اور زکوٰۃ کا نظام ایسے لوگوں کی کفالت کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

